RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ رجب المرجب ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء | جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت تنخواہ رضا حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس	۱ و ۲
۲	رخصت صوبہ دار گورکھا کمپنی	۲
۳	متعلق شکار	۲ و ۳
۴	اضافہ خانساماں ابوالحسن	
۵	تقرر نکودام بعہدہ مدرس ریاضی	۳
۶	نقشہ بارش - نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۰ جون سنہ ۱۹۱۱ء

مثبتہ رپورٹ بخشی فوج دربارہ استدعا نسبت منہائی تنخواہ یکصد روپیہ ماہوار جو سید رضا حسین صاحب کو صیغہ مصاحبین سے ملتی تھی اور اب بسلسلہ رخصت بیکاہ یاقوت خانصاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس سالم تنخواہ پر مامور ہوئی ہیں

یعنی سہ صد روپیہ ماہوار پر۔

جو اسپی لکھا جاوے کہ خانبہادر سید رضا حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو مد مصاحبین سے بحساب سو روپیہ ماہوار ۸ جون سنہ ۱۹۱۱ء تک تنخواہ ملے گی۔ اور بعد پولیس ۹ جون سنہ ۱۹۱۱ء سے پوری تنخواہ ملے گی۔ سو روپیہ ماہوار جو حضور مصاحبان سے عطا ہوتے ہیں آیندہ وہ منہائی برآورد رکھے جائینگے۔ نام برآورد مصاحبین سے نہ گرایا جائے اور ۱ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء کو اس بابت بخشیگری سے یاد دہانی ہونا چاہیے۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

تا صدور حکم ثانی خانبہادر سید رضا حسین کام سپرنٹنڈنٹی پولیس انجام دین تنخواہ جسطرح اب انکو ملتی ہے بدستور ملتی رہے۔ کاغذ بخشیگری کو واپس ہو۔ ایک نقل اس حکم کی مع خلاصہ کاغذ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس بھیجدیجائے۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض می رساند

جناب عالی

بمنشاء حکم ۲۰ جون سنہ ۱۹۱۱ء کاغذات نظر بغرض صدور حکم مناسب ابلاغ ہیں۔ واجباً عرض ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

نقل آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
رخصت

یکم جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج رخصت یکماہ صوبہ دار جیکشن صاحب گورکہا کمپنی بنابر روانگی نینی تال ۲۷ جون سنہ ۱۹۱۱ء سے ۲۶ جولائی تک منظور فرمائی گئی۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۹ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

تا صدور حکم ثانی روبکار مورخہ ۱۵ فروری سنہ ۱۹۱۱ء جو ممانعت شکار کا نفاذ ملتوی کیا جاتا ہے۔ اور حسب روبکار ماقبل مجریہ ۱۳ مئی سنہ ۱۹۰۷ء جسکی نقل منسلک ہے۔ شیر۔ گلدار۔ تیتر۔ مور۔ نیل گاؤ۔ بارہ سنگا۔ سانبھر جہانک چیتل کے علاوہ دیگر جانوران کے شکار کرنے کی اجازت دیجاتی ہے۔ پانچ شکارگاہیں جو مخصوص کی گئی ہیں انمیں قطعی طور پر کسی قسم کے شکار کھیلنے کی ممانعت ہے۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب چیف انجنیر بہادر صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس اور دارالانشا میں بھیجدیجائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

نقل روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۳ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

بنظر مناسب حسب تحریک صاحب ریونیو سکرٹری بہادر تنسیخ جلد

احکام مجریہ ممانعت شکار حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔ کل ریاست مین پانچ مقامات محدودہ ذیل شکارگاہ کے واسطے مخصوص کئے جاتے ہین

۱۔ شکارگاہ دبدبہ جسکی حد شمالی ضلع ترائین حد شرقی سڑک رامپور رودرپور۔ حد غربی دریائے دہمری۔ حد جنوبی بعد تصریح قایم ہوگی۔ اور موضعات بھرت پور۔ دبدبہ۔ ٹمپرا۔ سنہار کھیڑا۔ چندائن۔ سرائے نگھ سہورا۔ اسمین داخل ہونگے۔

۲۔ دہن پور۔ بیجے پور۔

۳۔ شکارگاہ شاہ آباد۔ شاہ آباد کامل سے تین تین میل تک حد شکارگاہ سمجھی جائیگی۔

۴۔ شکارگاہ سیفنی۔ دریائے گانگن کی کہادر مین ہوگی جسکی حد شمالی دریائے رام گنگا حد جنوبی نہر گانگن۔ حد شرقی سوانہ موضع رائے پور یعنی قصبہ موضع رائے پور داخل شکارگاہ ہوگا۔ حد غربی نہر گانگن ہوگی۔

۵۔ شکارگاہ لالپور موضع پہاڑپور سے ہر چہار جانب ڈیڑہ ڈیڑہ میل تک رقبہ داخل شکارگاہ لالپور متصور ہوگا کہ ان پانچ مقامات کی حدبندی بجز دہن پور بیجے پور جو آیندہ شکارگاہ کے نام سے موسوم ہونگے بذریعہ داغ بیل کرادیجائے جسکی چوڑائی و گہرائی ایک ایک فٹ ہونا چاہئے۔

۳۔ پانچون شکارگاہ مندرجہ بالا کے اندر کوئی شخص کسی قسم کے شکار کھیلنے کا مجاز نہوگا بحالت خلاف ورزی سخت تدارک کیا جائیگا۔ یہ مقامات صرف بابدولت و اقبال کے شکار کے واسطے مخصوص رہینگے۔

۴۔ جانوران مفصلہ تحت کے شکار کی ممانعت عام طور سے کل حدود ریاست مین کیجاتی ہے۔ کوئی شخص کسی مقام پر انکا شکار نہ کرنے پائیگا۔ شیر۔ گلدار۔ تیتر۔ مور۔ نیل گاؤ۔ پاڑہا۔ سانبھر جانک۔ چیتل۔

۵۔ علاوہ جملہ شکارگاہ مندرجہ بالا کے دیگر مقامات پر فی الحال بلا کسی شرط کے ہرن اور سور کا شکار بندوق و جال وغیرہ سے کھیلنے کی عام طور سے اجازت دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا تعمیلاً صاحب چیف انجنیر بہادر و صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔ اور اطلاع عام کے لئے درج گزٹ ہو۔

ملخص احکام اجلاس عالی پیشگاہ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۸ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر فی الحال خانسامان ابوالحسن کی تنخواہ مین پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ محنت لیاقت منظور فرماکر تیس روپیہ ماہوار مقرر فرمائے گئے۔

تقرر

۲۰ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر بر بنا درخواست ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول تقرر رکھو رام بعہدہ مدرس پانچی ہائی اسکول بشاہرہ ساٹھ روپیہ ماہوار امتحاناً برائے سہ ماہ ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء سے منظور فرمایا گیا۔

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۱۶ر جولائی لغایت ۲۲ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

تاریخ و دن	صدر رعایہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	بارش آج	از ابتدا	بارش آج	از ابتدا	بارش آج	از ابتدا	بارش آج	از ابتدا	بارش آج	از ابتدا	بارش آج	از ابتدا
۱۶ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز یکشنبہ	•	۶۰	•	۷۰	•	۴۱	•	۵۳	•	۶۵	•	۳۴
۱۷ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز دوشنبہ	•	۶۰	•	۷۰	•	۴۱	•	نقشہ نہیں آیا	•	۶۵	•	۳۴
۱۸ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز سہ شنبہ	•	۶۰	•	۷۰	•	۴۱	•	″	•	۶۵	•	۳۴
۱۹ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز چہارشنبہ	•	۶۰	•	۷۰	•	۴۱	•	″	•	۶۵	•	۳۴
۲۰ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز پنجشنبہ	•	۶۰	•	نقشہ نہیں آیا	•	نقشہ نہیں آیا	•	″	•	نقشہ نہیں آیا	•	۳۴
۲۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز جمعہ	•	۶۰	•	″	•	″	•	″	•	″	•	۳۴
۲۲ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء روز شنبہ	•	۶۰	•	″	•	•	•	″	•	″	•	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۱۷ر جولائی لغایت ۲۳ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ثار	•	•	۱۱¾ ثار	•	•	دیگر تحصیلات کا نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۷ ثار	•	•	۲۰ ثار	•	•	
نخود کسہ آمیز	۱۸ ثار			۲۳ ثار	•	•	
کسہ	•	•	•	۲۶ ثار	•	•	
باسمتی	۸ ثار	•	•	۱۰ ثار	•	•	
مونگ	۱۱ ثار	•	•	•	•	•	
مکا	۲۶ ثار	•	•	•	•	•	
جئی	۲۴ ثار	•	•	•	•	•	
گوجئی	•	•	•	•	•	•	
عدس	۱۸ ثار	•	•	•	•	•	
ارہر	۲۰ ثار	•	•	۲۵ ثار	•	•	
برنج	۶ ثار	•	•	۶ ثار	•	•	
روغن زرد	[illegible]	•	•	[illegible]	•	•	
روغن سیاہ	۲ ثار	•	•	۲ ثار	•	•	
روغن کنجد	۱¾ ثار	•	•	•	•	•	
نمک سانبھر	۱۲ ثار	•	•	۱۳ ثار	•	•	
نمک لاہوری	•	•	•	•	•	•	
قند سیاہ	•	•	•	۷ ثار	•	•	
باجرہ	•	•	•	•	•	•	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور